Consumer and Worker Protection

**ہم 24/7 سروس پیش کرتے ہیں۔**

**آن لائن ہوں:** یا **QR کوڈ اسکین کریں:**

**nyc.gov/BusinessToolbox** ملاحظہ کریں۔
اپنے لائسنس کی درخواست آن لائن جمع کرانے کے لیے ہدایات کی خاطر درخواست دیں پر کلک کریں۔

# جنرل وینڈر لائسنس کی درخواست کی جانچ فہرست

**اہلیت کے بارے میں اہم نوٹ**

آپ جنرل وینڈر لائسنس کے لیے درخواست دے سکتے ہیں اگر:

- آپ سابق فوجی یا زندہ بچ جانے والی/والے شریک حیات یا سابق فوجی کے/کی زندہ بچ جانے والی/والے گھریلو پارٹنر ہیں۔ تقاضے دیکھیں۔
- صارفین اور کارکنان کے تحفظ کا محکمہ (Department of Consumer and Worker Protection, DCWP) فہرست انتظار نمبر کی پیشکش والے خط کے ساتھ آپ سے رابطہ کرتا ہے۔
  *غیر سابق فوجیوں کو جاری شدہ لائسنسوں کی تعداد قانون کی رو سے **853** تک محدود ہے۔ غیر سابق فوجی درخواست دہندگان کے لیے DCWP کی فہرست انتظار فی الحال بند ہے۔ فہرست انتظار مزید رجسٹریشن کے لیے تب تک نہیں کھلے گی جب تک DCWP غیر سابق فوجی درخواست دہندگان کے موجودہ پول سے گزر نہیں جاتا۔*

## جنرل وینڈر لائسنس کس کے پاس ہونا ضروری ہے؟

آپ کے پاس کسی ایسی عوامی جگہ پر جو اسٹور نہ ہو، اشیاء یا خدمات فروخت کرنے، لیز پر دینے یا فروخت کرنے یا لیز پر دینے کے واسطے پیش کرنے کے لیے جنرل وینڈر لائسنس ہونا ضروری ہے۔

آپ کو درج ذیل چیزیں فروخت کرنے کے لیے جنرل وینڈر لائسنس کی ضرورت نہیں ہے:

- اخبارات، جرائد، کتابیں، پمفلٹس، یا دیگر تحریری مواد۔
- فنی شاہکار، بشمول پینٹنگز، فوٹوگرافس، پرنٹس اور مخطوطات۔
- غذا اور/یا مشروبات۔ *نوٹ*: فوڈ وینڈنگ کے لیے NYC محکمہ صحت و ذہنی حفظان صحت (NYC Department of Health and Mental Hygiene) سے لائسنس کی ضرورت ہوتی ہے۔ فوڈ کارٹ کے وینڈر لائسنسز اور پرمٹس کے بارے میں مزید معلومات کے لیے 311 پر کال کریں یا **nyc.gov/health** ملاحظہ کریں۔
- نجی پراپرٹی میں گیراج سیل میں موجود آئٹمز۔

یہ وضاحت صرف اس امر کی عمومی وضاحت ہے کہ جنرل وینڈر لائسنس کس کے پاس ہونا ضروری ہے۔

NYC Consumer and Worker Protection

## لائسنس کے تقاضے

**محکمہ برائے صارف اور کارکن کا تحفظ (DCWP) آپ کی درخواست مسترد کر دے گا اگر آپ مطلوبہ دستاویزات اور معلومات فراہم کرنے میں ناکام رہتے ہیں:**

☐ **بنیادی انفرادی لائسنس کی درخواست**

☐ **جنرل وینڈر لائسنس کے لیے درخواست دینے کے واسطے اہلیت کا ثبوت**
DCWP صرف درج ذیل افراد کی طرف سے جنرل وینڈر لائسنس درخواستیں قبول کرتا ہے:

- ایسے افراد جنہیں DCWP سے خط ملا ہے جو بتاتا ہو کہ آپ جنرل وینڈر لائسنس کے لیے درخواست جمع کرانے کے اہل ہیں۔ یا
- باعزت طور پر ڈسچارج شدہ سابق فوجی*۔ یا
- سابق فوجی*† جنہیں غلط برتاؤ یا بے عزتی کے سوا ڈسچارج ملا ہو جو نیو یارک اسٹیٹ شعبہ برائے سابق فوجیوں کی خدمات سے منظور شدہ شکل میں، اہل قرار دینے والی کیفیت، بشمول صدمہ کے بعد تناؤ کا عارضہ، صدمہ زدہ دماغی ضرر، یا ملٹری کے جنسی صدمے کا ثبوت جمع کرائیں۔ یا
- ہم جنس پرست، ہم جنس پرست، ابیلنگی، اور مخنث (Lesbian, Gay, Bisexual, and Transgender, LGBT) سابق فوجی*† جنہیں غلط برتاؤ یا بے عزتی کے سوا ڈسچارج ملا ہو جو نیو یارک اسٹیٹ شعبہ برائے سابق فوجیوں کی خدمات سے منظور شدہ شکل میں اس بات کا ثبوت جمع کرائیں کہ ڈسچارج ان کے جنسی رجحان یا صنفی شناخت یا اظہار کے سبب یا ان کے جنسی رجحان یا صنفی شناخت یا اظہار سے تعلق رکھنے والے ایسے اعمال کے سبب تھا جو ڈسچارج کے وقت ملٹی یا نیول سروس کی طرف سے ممنوع تھے۔ یا
- باعزت طور پر ڈسچارج شدہ سابق فوجی کی/کے زندہ بچ جانے والی/والے شریک حیات یا زندہ بچ جانے والی/والے گھریلو پارٹنر، اہل قرار دینے والی کیفیت کے حامل ڈسچارج شدہ سابق فوجی، یا ڈسچارج شدہ LGBT سابق فوجی، جیسا کہ اوپر صراحت کی گئی ہے۔

*لازماً نیو یارک اسٹیٹ میں رہتے ہوں۔
†اہل قرار دینے والی کیفیت کے حامل سابق فوجیوں یا LGBT سابق فوجیوں کے لیے مزید معلومات کے واسطے **veterans.ny.gov** ملاحظہ کریں۔

جنرل وینڈر لائسنس کے لیے درخواست دینے کے واسطے اپنی اہلیت کے ثبوت کے بطور براہ کرم درج ذیل دستاویزات میں سے ایک جمع کرائیں:

- DCWP کی طرف سے اصل خط جو بتاتا ہو کہ آپ جنرل وینڈر لائسنس کے لیے درخواست جمع کرانے کے اہل ہیں۔ یا
- امریکی محکمہ برائے سابق فوجیوں کے امور (Veterans Affairs, VA) سے ڈسچارج کا ثبوت، جیسے:
  - سروس کا اصل بیان۔ یا
  - اصل DD فارم 214، ڈسچارج کے کاغذات، یا علیحدگی کی دستاویزات۔ یا
  - ممبر 4 نقل DD فارم 214، ڈسچارج کے کاغذات، یا علیحدگی کی دستاویزات۔ یا
  - دیگر باضابطہ یا سرکاری ریکارڈز جو اہل قرار دینے والی کیفیت کے حامل ڈسچارج شدہ سابق فوجیوں یا ڈسچارج شدہ LGBT سابق فوجیوں کے بطور آپ کی حیثیت کی تصدیق کرتے ہوں جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا ہے۔

NYC Consumer and Worker Protection

نیو یارک کے علاقائی دفتر کے لیے رابطے کی معلومات:

245 West Houston Street
New York, NY 10014
ٹیلیفون: 1000-827 (800)
ویب سائٹ: **www.archives.gov/veterans**

- اگر آپ سابق فوجی کے زندہ بچ جانے والی/والے شریک حیات یا زندہ بچ جانے والی/والے گھریلو پارٹنر ہیں تو، درج ذیل سبھی دستاویزات فراہم کریں:
  - ازدواج یا گھریلو پارٹنرشپ کا ثبوت (جیسے، اصل سند ازدواج، گھریلو پارٹنرشپ کی اصل سند، مشترکہ لیز یا رہن کی دستاویزات)۔ براہ کرم نوٹ کر لیں کہ ثبوت DCWP کے جائزے اور منظوری کے ساتھ مشروط ہے۔ اور
  - اصل سند وفات۔ اور
  - ڈسچارج کا ایک ثبوت۔ (صفحہ 2 دیکھیں۔)

☐ **لائسنس کے درخواست دہندہ کی حالیہ رنگین پاسپورٹ سائز فوٹوگراف**

*آن لائن*: درخواست دہندگان ڈیجیٹل پاسپورٹ فوٹو کوالٹی کی ایک امیج فائل اپ لوڈ کر سکتے ہیں۔ 1 میگا پکسل کا ریزولیوشن والا ڈیجیٹل کیمرہ کافی ہے۔

*ڈاک*: درخواست دہندگان حالیہ رنگین پاسپورٹ سائز فوٹوگراف جمع کرا سکتے ہیں۔

*بذات خود صرف بذریعہ اپائنٹمنٹ*: DCWP سے رابطہ کرنے کے لیے سوالات کا سیکشن دیکھیں۔ DCWP لائسنس کے درخواست دہندگان کی فوٹوگراف بلا قیمت بنائے گا۔

☐ **سرٹیفکیٹ آف اتھارٹی**

آپ پر نیو یارک اسٹیٹ کے محکمہ برائے ٹیکس کاری و مالیات کے سرٹیفکیٹ آف اتھارٹی کی کاپی جمع کرانا لازم ہے جو آپ کا سیلز ٹیکس کا شناختی نمبر دکھاتا ہو۔ *نوٹ*: سرٹیفکیٹ آف اتھارٹی پر آپ کا نام ہونا چاہیے۔

سرٹیفکیٹ آف اتھارٹی کے لیے درخواست دینے کے لیے، **نیو یارک اسٹیٹ کا لائسنس سینٹر** **aca.licensecenter.ny.gov** پر ملاحظہ کریں۔ درخواست فارم تک رسائی حاصل کرنے کے لیے آپ کو NY.gov کی ID درکار ہوگی۔ کاغذی درخواست کی گزارش کرنے کے لیے، 2889-485 (518) پر کال کریں۔ اپنا سرٹیفکیٹ آف اتھارٹی موصول کرنے کے لیے نیو یارک اسٹیٹ کے محکمہ برائے ٹیکس کاری و مالیات میں درخواست دینے کے بعد چار سے چھ ہفتوں کا وقت دیں۔

☐ **جنرل وینڈر سے متعلق سوالنامہ**

NYC Consumer and Worker Protection

☐ **گھر کے پتے کا ثبوت**
گھر کے پتے کے ثبوت کے بطور درج ذیل دستاویزات میں سے ایک کی کاپی جمع کرائیں:

- یوٹیلیٹی بل، جس پر پچھلے 90 دنوں کے اندر کی تاریخ ہو (جیسے، ٹیلیفون، گیس، بجلی، کیبل، یا پانی) یا
- کسی سرکاری ایجنسی کی طرف سے مراسلت جس پر گھر کا پتہ درج ہو یا
- موجودہ لیز یا وثیقہ یا
- بیمہ کی دستاویز یا بیمہ کا بل جس پر گھر کا پتہ درج ہو یا
- سٹی/ریاستی/وفاقی حکمت سے جاری شدہ موجودہ (فعال) لائسنس یا پرمٹ یا سرٹیفکیٹ جس پر گھر کا پتہ درج ہو یا
- کالج یا اسکول کی مراسلت جس پر گھر کا پتہ درج ہو یا
- موجودہ کرایہ یا رہن کا بل یا
- ڈرائیونگ لائسنس یا
- ریاستی ID کارڈ یا
- میونسپل ID کارڈ یا
- بینک یا کریڈٹ کارڈ کا گوشوارہ، جس پر پچھلے 90 دنوں کے اندر کی تاریخ درج ہو
  *براہ کرم اکاؤنٹ کی معلومات درست کریں۔*

*اگر آپ کسی اور شخص کے پتے پر رہتے ہیں تو، فراہم کریں:*

- لیز ہولڈر کی طرف سے دستخط شدہ خط یہ بتاتے ہوئے کہ آپ اس پتے پر رہتے ہیں اور
- لیز ہولڈر کے نام کے ساتھ گھر کے پتے (اوپر دیکھیں) کا ایک ثبوت

*نوٹ*: اگر آپ سابق فوجی کے بطور درخواست دے رہے ہیں تو، آپ پر نیو یارک اسٹیٹ کا مکین ہونا لازم ہے۔

☐ **بقایا جرمانہ کے تصفیے کا ثبوت** *(اگر قابل اطلاق ہو)*

*اگر آپ نیو یارک اسٹیٹ کے مکین اور باعزت طور پر ڈسچارج شدہ سابق فوجی ہیں جس کے پاس اس سے پہلے جنرل وینڈر لائسنس تھا جس کی **میعاد دو سال سے زیادہ پہلے*** ختم ہو چکی ہے تو، جمع کرائیں:

- NYC انتظامی مقدمات اور سماعتوں کا دفتر (Office of Administrative Trials and Hearings, OATH)[1] جنرل وینڈر کی انوائس

ان اقدامات پر عمل کریں:

1. جنرل وینڈر انوائس کے لیے nyc.gov/oath ملاحظہ کریں ای میل درخواست فارم تلاش کریں۔
2. اسے مکمل کریں۔
3. اسے مطلوبہ معاون دستاویزات کے ساتھ دو میں سے ایک طریقے سے جمع کرائیں:
   - اس پتے پر بذریعہ ای میل: VendorInquiry@oath.nyc.gov
   - اس پتے پر بذریعہ ڈاک:

NYC Office of Administrative Trials and Hearings
66 John Street, 10th Floor
New York, NY 10038

[1] اس سے پہلے NYC ماحولیاتی کنٹرول بورڈ (Environmental Control Board, ECB) کے بطور معروف تھا۔

Consumer and Worker Protection

*اگر آپ نیو یارک اسٹیٹ کے مکین اور باعزت طور پر ڈسچارج شدہ سابق فوجی ہیں جس کے پاس اس سے پہلے جنرل وینڈر لائسنس تھا جس کی **میعاد دو سال سے کم پہلے*** ختم ہو ئی ہے تو، جمع کرائیں:

- آپ کی آخری تجدید کے لائسنس کی درخواست پر مطلوبہ کلیئرنس کا ثبوت (OATH کی طرف سے "کلیئر نہیں ہوا" کے بطور نشان زد کیا گیا ہے)۔

☐ **سروس سے متعلق معذوری کا ثبوت** *(اگر قابل اطلاق ہو)*
اگر آپ خدمت سے متعلق معذوری کے حامل سابق فوجی ہیں اور شہر پیما خصوصی نوعیت کے وینڈنگ لائسنس (پیلا) اور مڈٹاؤن کو زون کے وینڈنگ لائسنس (نیلا) کے لیے درخواست دینا چاہیں تو، آپ پر لازم ہے کہ:

- سروس سے متعلق آپ کی معذوری کی تصدیق کرتے ہوئے امریکی محکمہ برائے سابق فوجیوں کے امور (VA) کی طرف سے دستخط کے ساتھ اصل خط جمع کرائیں۔
- ایک مکمل کردہ **خصوصی وینڈنگ لائسنس/مڈٹاؤن کور ویٹنگ لسٹ ایپلیکیشن** جمع کرائیں۔ درخواست **nyc.gov/BusinessToolbox** پر دستیاب ہے۔

☐ **جنرل وینڈر غیر NYC مکین کے لیے فارم** (*اگر قابل اطلاق ہو*)
اگر آپ نیو یارک سٹی کے مکین نہیں ہیں تو مطلوب ہے۔

NYC Consumer and Worker Protection

☐ **لائسنس فیس**
غیر سابق فوجیوں کے لیے لائسنس فیس کے لیے ذیل کا چارٹ دیکھیں۔

اہل سابق فوجی اور زندہ بچ جانے والی/والے شریک حیات یا اہل سابق فوجی کے زندہ بچ جانے والی/والے جو گھریلو پارٹنرز نیو یارک اسٹیٹ میں نہیں رہتے ہیں ان کو لائسنس فیس دینے کی ضرورت نہیں ہے۔

| **لائسنس کی مدت:**<br>2 سال | **اختتامی تاریخ:**<br>30 ستمبر طاق سال | **لائسنس فیس:** | |
|---|---|---|---|
| **اگر آپ اپنی فائل ان تاریخوں کے بیچ دائر کرتے ہیں:** | | **اختیار 1** | **اختیار 2** |
| ایک طاق سال میں 1 اکتوبر سے ایک جفت سال میں 31 مارچ تک | | اگلے طاق سال کی 30 ستمبر کو میعاد ختم ہونے والے لائسنس کے لیے **$200** ادا کریں۔ *(زیادہ سے زیادہ 24 مہینے کے لیے موزوں ہے۔)* | |
| ایک جفت سال میں 1 اپریل سے ایک جفت سال میں 30 ستمبر تک | | اگلے طاق سال کی 30 ستمبر کو میعاد ختم ہونے والے لائسنس کے لیے **$150** ادا کریں۔ *(زیادہ سے زیادہ 18 مہینے کے لیے موزوں ہے۔)* | |
| ایک جفت سال میں 1 اکتوبر سے ایک طاق سال میں 31 مارچ تک | | اگلے یا اسی طاق سال کی 30 ستمبر کو میعاد ختم ہونے والے لائسنس کے لیے **$100** ادا کریں۔ *(زیادہ سے زیادہ 12 مہینے کے لیے موزوں ہے۔)* | |
| ایک طاق سال میں 1 اپریل سے ایک طاق سال میں 30 ستمبر تک | | اسی طاق سال کی 30 ستمبر کو میعاد ختم ہونے والے لائسنس کے لیے **$50** ادا کریں۔ *(زیادہ سے زیادہ 6 مہینے کے لیے موزوں ہے۔)* | اگلے طاق سال کی 30 ستمبر کو میعاد ختم ہونے والے لائسنس کے لیے **$250** ادا کریں۔ *(زیادہ سے زیادہ 30 مہینے کے لیے موزوں ہے۔)* |

ادائیگی کریں بذریعہ:

☐ کریڈٹ کارڈ (صرف Visa، MasterCard، American Express، Discover Card)
*(آن لائن یا بذات خود)*
آپ سے ایک ناقابل واپسی2% کنوینیئس فیس وصول کیا جائے گا۔

☐ eCheck *(آن لائن)*

☐ چیک یا منی آرڈر جو DCWP کو واجب الادا ہو *(بذات خود یا بذریعہ ڈاک)*

**Consumer and Worker Protection**

## سوالات ہیں؟ ہم مدد کے لیے حاضر ہیں!

- **ای میل:** onlineappsdocs@dcwp.nyc.gov
- **فون:** 487-4075 (212) (پیر تا جمعہ، 8 بجے صبح تا 4 بجے شام)

مفت ترجمانی کی خدمات آن سائٹ دستیاب ہیں۔ معذوری سے متعلق سہولت کی درخواست کرنے کے لیے، nyc.gov/dcwp ملاحظہ کریں اور "accommodations" (سہولت) ڈھونڈیں یا DCWP کے معذور امریکیوں سے متعلق ایکٹ (Americans with Disabilities Act, ADA) کے کوآرڈینیٹر: سے DCWPADACoordinator@dcwp.nyc.gov پر رابطہ کریں۔

## جنرل وینڈر کے لیے اضافی وسائل

- جو قوانین اور اصول آپ کے کاروبار کو متاثر کرتے ہیں ان کے لیے **nyc.gov/BusinessToolbox** ملاحظہ کریں۔
- اسٹریٹ وینڈنگ کے واسطے اضافی وسائل کے لیے، **nyc.gov/vendingenforcement** ملاحظہ کریں۔
- آپ کا کاروبار کھولنے، اسے آپریٹ کرنے، اور بڑھانے میں مدد کی خاطر وسائل کے لیے، **nyc.gov/business** ملاحظہ کریں۔